# والدین، معلمین، اور
# خارجی پارٹنر کے لیے گائیڈ



# فہرست مشمولات


| | |
|---|---|
| | 1 |
| تعارف | 3 |
| صحت سے متعلق ضوابط | 3 |
| والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 5 |
| کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگ پہننے کی اہمیت سمجھنے میں اپنے بچے کی مدد کریں | 5 |
| اپنے بچے کی COVID-19 کی ٹیسٹنگ کے لیے دستخط کریں | 6 |
| کلاس روم میں صحت سے متعلق ضوابط | 6 |
| معلمین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 6 |
| شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 8 |
| تعلیم اور حاضری | 8 |
| ہدایات کا دن | 8 |
| حاضری | 8 |
| درجہ بندی | 8 |
| قرنطینہ اور علیحدگی کے لیے ہدایت | 9 |
| والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 10 |
| معلمین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 10 |
| خصوصی کورسز پر غور | 11 |
| آرٹس ایجوکیشن | 11 |
| جسمانی تعلیم | 12 |
| آرٹس ایجوکیشن | 12 |
| کھیل | 12 |
| والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 12 |
| شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 13 |
| اسکول سے باہر کا وقت (OST) | 13 |
| والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 13 |
| شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 14 |
| ورچوئل اکیڈمی | 14 |
| والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 14 |
| شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟ | 14 |

## تعارف

شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools, CPS) کی اولین ترجیح ہمیشہ اپنے اسکول کی کمیونٹیز کو صحت مند اور محفوظ رکھتے ہوئے طلبا کو عالمی معیار کی تعلیم فراہم کرنا رہی ہے۔ ہمارے معلمین اور اسکول کے قائدین کی کڑی محنت کی بدولت، ہمیں 30 اگست، 2021 بروز پیر سے ہر ہفتے پانچ دن طلبا کو واپس کلاس روم آنے کے لیے خوش آمدید کہنے پر بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ یہ دستاویز صحت اور تحفظ سے متعلق ان ہدایات اور قابل توجہ امور کا مجموعی جائزہ فراہم کرتی ہے جو COVID-19 کی جاری وبا کے مدنظر 2021-22 کے تعلیمی سال کے لیے مخصوص ہیں۔ یہ CPS کے سبھی والدین، معلمین اور شراکت داروں کے لیے ہے نیز اہم موضوعات اور سامعین کے ہر طبقے کے لیے ان کا کیا مطلب ہے اس حوالے سے مجموعی جائزہ فراہم کرتی ہے۔

جیسا کہ قومی، ریاستی اور مقامی صحت عامہ کی ہدایات آنے والے تعلیمی سال کے دوران تبدیل ہوتی رہیں گی، ضلع ضوابط اور طریقہ کار میں کسی بھی اپ ڈیٹ کے حوالے سے سبھی اسٹیک ہولڈرز کو باخبر رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔

## صحت سے متعلق ضوابط

CPS نے Centers for Disease Control and Prevention (CDC) اور Chicago Department of Public Health (CDPH) کے مراکز کی https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/schools-childcare/indicators.html ہدایات کی روشنی میں ایک جامع منصوبہ تشکیل دیا ہے۔ اس منصوبہ میں شامل ہیں:

- **چہرے کی کورنگز:** کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز پورے عملہ اور سبھی طلبا کو فراہم کی جائیں گی اور ویکسینیشن کے اسٹیٹس سے قطع نظر انہیں درون خانہ ہر وقت پہننا لازمی ہوگا۔
  - چہرے کی کورنگز اسکول میں عارضی طور پر ہٹائی جا سکتی ہیں:
    - کھاتے یا پیتے وقت
    - جب بیرون خانہ ہوں *اور* کم از کم تین فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رکھا جا سکتا ہو
    - جب بیرون خانہ کوئی موسیقی کا ساز بجا رہے ہوں نیز اس جگہ پر کم از کم چھ فٹ کا سماجہ فاصلہ برقرار رکھنا ضروری ہے
    - جب بچے قیلولہ کر رہے ہوں (اس دوران کڑی نگرانی کی جانی چاہیے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی بچہ اپنے چہرے کی کورنگ دوبارہ پہنے بغیر مقررہ قیلولے کی جگہ سے باہر نہ جائے)
    - صرف عملہ کے لیے: جب وہ کلاس روم یا آفس میں اکیلے ہوں اور دروازہ بند ہو
- **ہم عمر لوگوں کا گروہ:** جہاں تعلیمی شیڈول نے موقع دیا، ایلیمنٹری اسکول کے طلبا اور معلمین کی گروپ بندی مستحکم گروپس میں کر دی جائے گی تاکہ دیگر طلبا سے ربط کم سے کم کر دیا جائے، کلاس رومز میں سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کی سہولت مل سکے اور رابطہ ٹریس کرنے میں معاونت ملے۔
- رابطہ ٹریس کرنا:COVID-19 کی منتقلی کم کرنے میں مدد کے لیے، CPS نے اضافی وقف عملہ بھرتی کیا ہے تاکہ کیسز نوٹ کرنے اور مناسب اطلاع فراہم کرنے میں مدد مل سکے۔CPS یہ یقینی بنانے کے لیے CDPH کے ساتھ مل کر کام کرے گی کہجن کی نشاندہی قریبی رابطوں کے بطور ہو ان کے رابطہ کی فوری ٹریسنگ کی جا سکے اور انہیں شہر کے وسائل جیسے کہ نگرانی اور ٹیسٹنگ سے منسلک کیا جا سکے۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ جن طلبا یا عملہ کا COVID-19 کے مدنظر ٹیسٹ مثبت ہے انہیں از خود رپورٹ کرنے کا فارم کی معرفت ضلع کو مطلع کرتے رہنا ضروری ہے۔
- **کمیونٹی کی اطلاعات:**CPS نے COVID-19 کے کسی بھی تصدیق شدہ کیس سے متعلق جوابی اقدامات کے لیے CDPH کے تیار کردہ معقول طریقہ کار اور کمیونٹی اطلاع کے ضوابط اختیار کیے ہیں۔ عوامی آگہی یقینی بنانے کے لیے، ضلع cps.edu/b2s پر COVID کے تصدیق شدہ کیسز ٹریک کر رہا ہے۔
- **گھر پر یومیہ صحت سے متعلق سوالنامہ:** طلبا اور عملہ اسکول آنے سے پہلے گھر پر یومیہ صحت سے متعلق ایک جانچ فہرست مکمل کریں گے جس کے لیے وہ CPS کے صحت کی اسکریننگ سے متعلق سوالات استعمال کریں گے۔ سوالنامہ الیکٹرانک طریقے سے جمع نہیں کرایا جائے گا۔ (اسٹاف اسکرینر کا ایک لنکیہاں مل سکتا ہے)۔

- والدین اور سرپرستوں سے تقاضا کیا جائے گا کہ وہ ایک سہ ماہی توثیق فارم جمع کرائیں جس میں وہ اپنے طالب علم کو اسکول بھیجنے سے پہلے ان کی یومیہ صحت کی اسکریننگ انجام دینے سے اتفاق کریں۔ توثیق میں والدین اور سرپرستوں سے کہا جائے گا کہ:
  - امکانی علامات یا COVID-19 کی ابتلاء کے مدنظر اسکول سے قبل ہر روز گھر پر اپنے بچے کی اسکریننگ سے اتفاق کریں
  - تصدیق کریں کہ اگر انہوں نے CPS کے صحت سے متعلق اسکریننگ کے سوالات میں سے کسی کا بھی جواب "ہاں" میں دیا تو وہ اپنے بچے کو اسکول نہیں بھیجیں گے
  - اگر ان کا بچہ بذات خود کلاس سے اس وجہ سے غیر حاضر ہوگا کہ وہ بیمار ہیں یا کسی مصدقہ COVID کیس کی زد میں آئے ہیں تو ان کے اسکول کو مطلع کریں گے۔
- اسکولوں سے پہلی سہ ماہی کے مدنظر 3 ستمبر 2021 تک ان فارموں کو واپس اکٹھا کرنے کو کہا جائے گا۔
- اسکولوں کو درج ذیل کی ڈیلیوریز بھی موصول ہوگی:
  - صحت کی اسکریننگ سے متعلق پوسٹرز،
  - گھر لے جانے کے لیے پرچے، پوسٹ کارڈز اور مقناطیس تاکہ گھر پر اور اسکول میں طلبا کو یاد دہانیاں فراہم کی جائیں۔
- **انٹری تیز گام کرنے کے لیے پروٹوکول:** پچھلے 18 ماہ میں، صحت عامہ کے ماہرین نے تعین کیا ہے کہ درجۂ حرارت کی جانچیں COVID-19 کی اسکریننگ کا مؤثر ذریعہ نہیں ہیں اور درجۂ حرارت کی لازمی جانچیں اب انٹری کے وقت انجام نہیں دی جائیں گی۔
  - بیمار طلبا کی تشخیص کرنے کے لیے تھرما میٹر آپ کے اسکول کے کیئر روم(رومز) میں بدستور دستیاب رہیں گے۔
  - فاضل تھرما میٹر ضلع کو واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اور یہ فیملیز کو تقسیم کیے جا سکتے ہیں۔

- **جراثیم کش وائپس:** اسکول کے اوقات کے دوران اور اسکول سے باہر پروگرام کے اوقات کے دوران بھی وائپس وسیع پیمانے پر دستیاب ہوں گے تاکہ استعمال سے پہلے ڈیسکس اور سیٹس کو صاف کیا جا سکے
- **HEPA فلٹرز اور ہوا کے معیار کی جانچیں:** ضلع کی طرف سے 11.2$ ملین کی سرمایہ کاری کے ذریعے، ہر کلاس روم اور فرنٹ آفس کو اس کا اپنا HEPA ائیر پیوریفائر موصول ہوا ہے جو 99.99% سے زائد ہوا میں معلق رہ جانے والے وائرسز، بیکٹیریا اور پھپھوندی کو فلٹر کر دیتا ہے۔ اور عمارتوں میں مناسب ہواداری یقینی بنانے کے لیے، ضلع نے متعدد مراحل پر مشتمل ہواداری اور ہوا کے معیار کی جانچیں کی ہیں جن میں ہر کمرے کے معائنے شامل ہیں نیز اس کے لیے ریاست کی طرف سے سند یافتہ ماحولیات کے ماہرین کی مدد لی گئی ہے۔ یہ رپورٹس یہاں دیکھی جا سکتی ہیں cps.edu/airquality۔
- **اضافی نگران:** عالمی وبا کے دوران طے کیے گئے جامع صفائی کے ضوابط برقرار رکھنا اور ان پر روزانہ عمل کرنا یقینی بنانے کے لیے، ضلع حالیہ طور پر بھرتی کیے گئے سبھی 400 اضافی نگرانوں کو برقرار رکھ رہا ہے تاکہ اس کاوش میں معاونت مل سکے۔
- **سینیٹائزر اور صابن:** ضلع نے سبھی زیادہ رش والی جگہوں میں 50,000 سے زائد ہینڈ سینیٹائزر اسٹیشنز اور باقاعدگی سے ہاتھ دھونے اور سینیٹائز کرنے میں مدد کے لیے سوپ ڈسپینسرز لگانے کے لیے 2.5$ ملین سے زائد کی سرمایہ کاری کی ہے۔
- **ہسپتال کے معیار والے جراثیم کش اسپرے:** ہر CPS اسکول کے پاس ہسپتال کے معیار کا مسٹر اسپرے یونٹ ہے جو EPA کے منظور شدہ جراثیم کش کا یکساں طریقے سے چھڑکاؤ کرے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ جراثیم مارے جا سکیں۔
- **اسنیز گارڈز اور اشارے:** تمام اسکولز نے اسنیز گارڈز (چھینک سے بچاؤ) اور دیگر فزیکل رکاوٹیں لگائی ہوئی ہیں تاکہ جب ملاقاتی آئیں تو عملہ محفوظ رہ سکے نیز پوری اسکول فیسلٹیز میں اشارے لگائے ہوئے ہیں تاکہ نئی پالیسیوں اور طریقہ کار کی تاکید کی جا سکے۔

- مفت **COVID-19** ٹیسٹنگ:COVID-19 کا پھیلاؤ روکنے میں مدد کے لیے، ضلع یقینی بنائے گا کہ جس بھی طالب علم یا عملہ کے ممبر میں علامات پیدا ہوں یا کسی ایسے شخص سے قریبی رابطے میں رہا ہو جس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو اس کے پاس مفت COVID-19 ٹیسٹ تک رسائی ہو۔


فہرست مشمولات پر واپس جائیں

- **اسکریننگ ٹیسٹنگ:**CPS نے گزشتہ سال کمیونٹی میں وقت کے ساتھ بنا علامات کے لوگوں میں COVID-19 کے پھیلاؤ کی پیمائش اور نگرانی کرنے کے لیے جو نگرانی کی ٹیسٹنگ کا پروگرام شروع کیا تھا اسے آگے بڑھانے کے لیے، ہم پورے عملے کو ہفتہ وار مفت COVID ٹیسٹس آفر کرنے نیز جب شکاگو کو کمیونٹی میں منتقلی کی متوسط، خاطر خواہ یا زیادہ شرحوں کا سامنا ہو تو سبھی طلبا کو بھی ہفتہ وار ٹیسٹنگ آفر کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔

- نگہداشت کے کمرے: ہر اسکول میں نگہداشت کا کمرہ ہوگا تاکہ اگر اسکول کے دن کے دوران کسی طالب علم میں COVID-19 کی علامات پیدا ہو جائیں تو اسے وہاں بحفاظت الگ رکھ کر ان کی نگرانی کی جا سکے۔

- **سماجی فاصلہ برقرار رکھنا:** جہاں بھی ممکن ہو، طلبا اسکول میں ہر وقت تین فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رکھیں گے۔

- قرنطینہ کے ضوابط: قرنطینہ کی مدتیں اور ضوابط CDC کی ہدایات کے مطابق ہوں گے۔ جو طلبا قرنطینہ میں ہیں انہیں تعلیمی سروسز فراہم کی جائیں گی جن میں ریموٹ لرننگ شامل ہو سکتی ہے۔

- فیملی کے لیے سفری رہنمائی:

  - درون ملک سفر CDPH کی ہدایات کے مطابق ہوگا:

    - اگر ویکسین نہیں لگوائی ہے اور ان ریاستوں اور علاقوں سے سفر کر رہے ہیں جنہیں نارنجی رنگ کے ساتھ نشان زد کیا گیا ہے تو شکاگو آنے سے زیادہ سے زیادہ 72 گھنٹے قبل COVID-19 کا منفی ٹیسٹ نتیجہ حاصل کریں یا آمد پر 10 دن کے لیے قرنطینہ کریں۔
    - اگر ویکسین لگوائی ہوئی ہے تو آپ کو قرنطینہ کرنے یا منفی ٹیسٹ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

  - بین الاقوامی سفر CDC کی ہدایات کے مطابق ہوگا:

    - اگر ویکسین نہیں لگوائی ہے تو سفر کے تین سے پانچ دن بعد وائرل ٹیسٹ کروائیں اور سفر کے بعد گھر پر رہ کر خود کو پورے سات دن کے لیے قرنطینہ کریں۔
    - چاہے آپ کا ٹیسٹ منفی آئے، گھر پر رہیں اور خود کو پورے سات دن کے لیے قرنطینہ کریں۔
    - اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت ہے تو ابتدائی علامات ظاہر ہونے پر خود کو 10 دن کے لیے الگ تھلگ کر لیں (اگر علامات نہ ہوں تو ٹیسٹ کی تاریخ کے لحاظ سے دس دن پورے کریں) تاکہ دوسروں کو انفیکشن سے بچایا جا سکے۔
    - اگر آپ ٹیسٹ نہیں کرواتے تو سفر کے بعد گھر پر رہیں اور 10 دن کے لیے خود کو قرنطینہ کر لیں۔
    - جن افراد نے ویکسین لگوائی ہوئی ہے انہیں قرنطینہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے تاہم ٹیسٹ کروانے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

**نوٹ:** جن طلبا کو سفر کے سبب قرنطینہ کرنے کی ضرورت ہے وہ فاصلاتی تدریس کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں۔

- **ویکسینیشن:**CPS کے سبھی ملازمین، وینڈر کے ملازمین اور سطح 1 کے رضاکاران کے لیے 15 اکتوبر تک ویکسین لگوانا لازمی ہے۔ عملہ کے وہ افراد جو طبی استثنات یا پھر مخلصانہ مذہبی عقائد کی وجہ سے ویکسین نہیں لگوا سکتے ان کا ہفتے میں کم از کم ایک بار ٹیسٹ کیا جائے گا۔ 12 سال اور اس سے زائد کے سبھی طلبا اور فیملی ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ویکسین لگوائیں۔ مزید معلومات www.cps.edu/vaccinations پر دستیاب ہیں

## والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

### کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگ پہننے کی اہمیت سمجھنے میں اپنے بچے کی مدد کریں

صحت کے ماہرین تجویز کرتے ہیں کہ ماسک/کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگ پہننا COVID-19 کا پھیلاؤ روکنے کے مؤثر ترین طریقوں میں سے ایک ہے اور ریاست ایلی نوائے تقاضا کرتی ہے کہ اسکول کی عمارت میں دو سال کی عمر سے زائد کا ہر شخص کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگ اپنی ناک اور چہرے پر پہنے۔ ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ماسک پہننا چھوٹے بچوں

کے لیے مشکل ہو سکتا ہے۔ اپنے بچے کو ماسک پہننے کی اہمیت سمجھانے میں مدد کے لیے آپ مختلف طرح کی حکمت عملیاں استعمال کر سکتے ہیں۔

- بات چیت: ماسکس پہننے کی اہمیت کے حوالے سے بات چیت کریں، پہننے کا طریقہ سکھائیں اور اپنے بچے کے ساتھ اس کی مشق کریں۔ اپنے بچے کے سوالات کا جواب دینے کے لیے تیاری کریں، اعتراف کریں کہ کبھی کبھار ماسک پہننا غیر آرام دہ ہو سکتا ہے، اور بات چیت کریں...
  - *جب آپ ماسک پہنتے ہیں تو کیسا محسوس ہوتا ہے؟*
  - *کیا کوئی ایسی چیز ہے جو ماسک پہن کر کرنا زیادہ مشکل معلوم ہوتی ہو؟*
  - *ہمیں کن چیزوں کے لیے اپنا چہرے کا ماسک اتارنے کی ضرورت ہے؟ ہمیں کن چیزوں کے لیے اپنا چہرے کا ماسک لگائے رکھنا چاہیے؟*
- کتابیں، الیکٹرونک کتابیں اور سماجی کہانیاں: لٹریچر کے ذریعے اپنے بچے کو اس حوالے سے سکھائیں اور بات چیت میں اس کی دلچسپی پیدا کریں کہ چہرے کے ماسکس کس طرح ہمیں محفوظ رکھتے ہیں، انہیں درست طرح سے کیسے پہنا جاتا ہے اور انہیں پہنے رکھنا ہمارے لیے کیوں ضروری ہے۔
  - *Autism Research Institute: I Can Wear a Mask*
  - *Conscious Discipline: Masks and Gloves*
  - *Resource Center for Autism and Developmental Delays: I Can Wear a Mask | Puedo usar una mascara!*
  - *National Center for Pyramid Model Innovations: Wearing Masks | Usando mascaras*
- ویڈیوز اور آن لائن وسائل: چہرے کی کورنگز کے حوالے سے بات چیت میں مدد کے لیے ویڈیوز اور آن لائن وسائل استعمال کریں جیسے کہ *We Wear Masks, A Social Story* یا *Wearing a Mask Stops the Spread of Germs*۔

والدین اور سرپرست کسی مخصوص طبی کیفیت کی وجہ سے اپنے بچے کے لیے کپڑے سے بنے چہرے کی کورنگ کے لیے گنجائش کی درخواست کر سکتے ہیں۔ براہ کرم یہ فارم کسی طبی پیشہ ور سے پُر کروائیں اور پُر شدہ فارم اپنے بچے کے پرنسل یا اسکول نرس کو فراہم کریں۔ ہر صورتحال کو انفرادی طور پر جانچا جائے گا تاکہ سبھی طلبا کی ضروریات کو پورا کرنا یقینی بنایا جا سکے۔

یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ گورنر کے ایگزیکٹو آرڈر کے مطابق، کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز ضلع کے اسکولز میں لازمی ہوں گی، الّا یہ کہ منظور شدہ گنجائش موجود ہو۔ <u>طلبا کو چہرے سے بنی کپڑے کی کورنگ کے بغیر اسکول کی عمارت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔</u> عملہ کو چاہیے کہ ماسک پہننے کے حوالے سے توقعات کی یاددہانی کروائیں/ان پر عمل کروائیں اور اگر طلبا کا رویہ تعمیل کے برخلاف ہو تو انہیں اپنا رویہ درست کرنے کا موقع دیں نیز مستقل عدم تعمیل کی صورت میں اس دستاویز کے آخر میں بتائے گئے اقدامات کریں۔

اپنے بچے کی COVID-19 کی ٹیسٹنگ کے لیے دستخط کریں

کمیونٹی میں منتقلی کی موجودہ سطح پر، COVID-19 کی ٹیسٹنگ تمام اسکولز میں ہر ہفتے ہوگی۔ آنے والے ہفتوں میں اپنے بچے کے اسکول کی طرف سے اس حوالے سے معلومات کا انتظار کریں کہ سبھی کو COVID-19 کے پھیلاؤ سے محفوظ رکھنے کے لیے ہفتہ وار بنیادوں پر اپنے بچے کا ٹیسٹ کروانے کی رضامندی پر دستخط کرنے کا طریقہ کیا ہے۔

## کلاس روم میں صحت سے متعلق ضوابط

### معلمین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

اساتذہ کو چاہیے کہ CPS کی عمارتوں کے اندر صحت سے متعلق ضوابط مکمل طور پر سمجھنے کے لیے مذکورہ بالا سیکشن ملاحظہ کریں نیز ضلع کی مطلوبہ صحت کی تربیت مکمل کریں۔ ذیل میں، ہم نے کلاس روم کی ہدایات سے متعلق کچھ اضافی تفصیلات شامل کی ہیں۔


فہرست مشمولات پر واپس جائیں

**سماجی فاصلہ برقرار رکھنا اور جگہ کا استعمال**

جہاں بھی ممکن ہو، اساتذہ کو مندرجہ ذیل رہنما خطوط کی مدد سے 3 فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رکھنا چاہیے:

- ڈیسک کی ترتیب: اساتذہ کو چاہیے کہ جہاں ممکن ہو، ڈیسکس کی ترتیب اس طرح رکھیں جس سے تین فٹ کا فاصلہ برقرار رہے۔ سبھی ڈیسکس کو ایک ہی سمت میں ترتیب دینے کی ضرورت نہیں ہے (جیسے کہ، طلبا آمنے سامنے ہو سکتے ہیں)۔

- حرکت: ہم جانتے ہیں کلاس رومز میں اکثر حرکت ہوتی رہتی ہے اور اس سے گریز نہیں کیا جا سکتا۔ معلمین کو چاہیے کہ ایسے اسٹرکچرز بنائیں اور سرگرمیاں تشکیل دیں جن کی مدد سے جب بھی ممکن ہو سماجی فاصلہ برقرار رکھا جا سکے۔ (مثلاً سماجی فاصلے والی جگہوں پر وقت صرف کرنے کے لیے 'کارپٹ ٹائم' اختیار کرنا، کسی چھوٹے گروپ کو ایک کے بجائے دو ٹیبلز پر لانا)۔ فطری واقعات کی صورت میں، طلبا کو دھیان سے یاددہانی کروائی جا سکتی ہے اور ان سے اپنی ذاتی جگہ برقرار رکھنے کا کہا جا سکتا ہے۔

- مشترکہ جگہیں: طلبا کڈنی ٹیبلز، ڈیسکس وغیرہ کے ذریعے مڑ سکتے ہیں اور سطحوں کی معمول کی صفائی تجویز کی جاتی ہے۔

ماسکس پہنے رکھنا، ہاتھوں کو سینیٹائز کرنا اور ہاتھ دھونا کلاس روم میں خطرے کو کم رکھنے کی اہم ترین حکمت عملیاں رہیں گی۔

**چیزیں شیئر/صاف/اسٹور کرنا**

کاغذ پر مبنی چیزیں بشمول کتابیں استعمال کے دوران طلبا کے بیچ صفائی کے بغیر شیئر کی جا سکتی ہیں۔
سطحوں اور شیئر کی جانی والی اشیاء سے منتقلی کے بے حد کم خطرے کی پیش نظر، مشترکہ اشیاء استعمال کی جا سکتی ہیں۔
ایسی اشیاء جو طالب علم کے منہ میں گئی ہوں انہیں شیئر کرنے سے پہلے صاف کیا جانا چاہیے۔

**کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز**

CPS ہر طالب علم کو کپڑے سے بنی چہرے کی 3 کورنگز فراہم کر رہا ہے جو CPS کے تمام طلبا کو تعلیمی سال کے آغاز میں دی جائیں گی۔ گریڈ PK-4 کے طلبا کو طفلانہ سائز کے ماسک ملیں گے۔ ان چھوٹے طلبا کے لیے جن کے ماسک منہ اور ناک پر رکنے کے لیے صحیح سے فٹ نہیں ہو سکتے ہیں، والدین کو مطلع کیا جائے گا اور ماسک کو ایڈجسٹ کرنے یا بہتر فٹنگ والا ماسک فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ معلمین کو چاہیے کہ طلبا کو کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز پہننے کی اہمیت سمجھنے میں مدد کرنا جاری رکھیں۔ عملہ کو چاہیے کہ ماسک پہننے کے حوالے سے توقعات کی یاددہانی/اس پر عمل کروائے اور اگر طلبا کا رویہ تعمیل کے برعکس ہو تو انہیں اپنے رویے کی اصلاح کرنے کا موقع دے۔ اگر کوئی طالب علم جان بوجھ کر اسکول کے دن کے دوران ماسک کے تقاضے کی تعمیل نہیں کر رہا تو اسکولز مندرجہ ذیل اقدامات کے ذریعے جواب دیں گے:

- اسکول کے عملے کو چاہیے کہ انفرادی طور پر بات چیت کر کے ماسک پہننے کے حوالے سے توقعات کی یاددہانی/اس پر عمل کروائے اور طالب علم کو اس کے رویے کی وضاحت کرنے اور اس کی اصلاح کرنے کا موقع دے۔ والدین/سرپرستوں کو آگاہ کیا جانا چاہیے کہ ان کے بچے کا کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگ نہ پہننا/پہننے سے انکار کرنا صحت کے تحفظ سے متعلق ایک مسئلہ ہے اور طلبا کے [طلبا کے ضابطہ اخلاق](#) (SCC 2-5) کی خلاف ورزی ہے۔ والدین/سرپرستوں کو ماسک کے تقاضے کی جان بوجھ کر عدم تعمیل کے واقعات کے لیے آفیشل غلط رویے کی رپورٹ فراہم کی جانی چاہیے۔

- جان بوجھ کر عدم تعمیل کے مزید واقعات کے لیے، منتظمین یا وقف کردہ عملے کو طالب علم سے بات چیت کرنی چاہیے اور طالب علم اور اس کے والدین/سرپرست کے ساتھ ذاتی طور پر یا ورچوئل میٹنگ کر کے اس رویہ کی اصل وجہ حل کرنے اور ماسک/CFC کے تقاضے کی تعمیل میں فوری معاونت کرنے کا منصوبہ تشکیل دینا چاہیے۔
منتظمین کو چاہیے کہ ماسک پہننے کے حوالے سے بار بار جان بوجھ کر کی جانے والی عدم تعمیل کے واقعات کا جواب دینے کے لیے طلبا اور فیملیز کے ساتھ کام کرتے وقت طالب علم کی عمر، سماجی و جذباتی عوامل کے اثر اور/یا ممکنہ طور پر کوئی صدمہ پہنچنے، کوئی بھی شناخت شدہ معذوری نیز دیگر ماحولیاتی بنیادی وجوہات کو


فہرست مشمولات پر واپس جائیں

ملحوظ خاطر رکھیں۔

- ماسک کے تقاضوں کے حوالے سے مستقل عدم تعمیل کے لیے، منتظمین اور عملے کو چاہیے کہ طالب علم کے رویے کی بنیادی وجوہات جاننے کی کوشش کریں اور صدمے کا جواب، رویے کی صحت کی بحالی میں مدد کا طریقہ کار استعمال کرے۔ اخراجی یا سزایابی پر مشتمل ڈسپلن (مثلاً اسکول میں دی جانے والی سزا، معطلی) کو ماسک کے تقاضوں کی عدم تعمیل کے جواب میں استعمال نہیں کیا جانا چاہیے جب تک کہ رویہ دوسروں کے تحفظ کے لیے ایک مستقل خطرہ نہ بن جائے، مداخلت کے دستیاب طریقے ختم نہ ہو جائیں اور اسکول ضلع کی پالیسی کے مطابق دستیاب اختیارات کا تعین کرنے کے لیے ضلع/نیٹ ورک کے آفسز سے مشاورت نہ کر لے۔

### شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

اگر وینڈرز اسکول کے طے کردہ صحت سے متعلق سبھی ضوابط پر عمل کرتے ہیں تو وہ ذاتی طور پر پروگرامنگ فراہم کر سکتے ہیں۔ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ شراکت داران اور اسکولز ایسے احتمالی منصوبے تیار کریں جو قرنطینہ کی ضرورت پیش آنے کی صورت میں ریموٹ سروسز فراہم کرنے کی سہولت دیں۔

*فیلڈ ٹرپس*

طلبا کا ہر طرح کا سفر CPS طلبا کے سفر کی پالیسی کے مطابق ہونا چاہیے۔ طلبا کے سفر کی الیکٹرونک درخواستیں Oracle میں جمع کروائی جانی چاہئیں اور ڈپارٹمنٹ آف پالیسی اینڈ پروسیجرز کی جانب سے منظور کی جانی چاہئیں۔ اگرچہ ذاتی طور پر کیے جانے والے فیلڈ ٹرپس کی اجازت ہے تاہم اسکولز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ جب بھی ممکن ہو ورچوئل فیلڈ ٹرپس سے فائدہ اٹھائیں۔

## تعلیم اور حاضری

طلبا کے کلاس میں مکمل وقت کے لیے واپس آنے سے، ہم معمول کے مطابق تعلیم اور حاضری کی توقعات قائم کر رہے ہیں۔ مندرجہ ذیل سیکشن میں آنے والے تعلیمی سال کے لیے مخصوص قابل توجہ امور کی تفصیلات موجود ہیں۔

### ہدایات کا دن

سبھی اسکولز ذاتی طور پر دی جانے والی ہدایات کے ہفتے میں پانچ دن پر لوٹ رہے ہیں اور اپنے معمول کے اسکول کے دن کے شیڈولز دوبارہ شروع کریں گے۔ اسکولز کو یہ لچک فراہم کی گئی ہے کہ وہ ہدایاتی منٹ کے تقاضوں کو صحت سے متعلق ضوابط بیان کرنے اور طلبا کی سماجی اور جذباتی ضروریات کو ترجیح دینے کے لیے ایڈجسٹ کریں۔ اس ہدایت میں واحد استثنا ان طلبا کے لیے ہے جنہیں CPS Office of Student Health and Wellness (OSHW) یا CDPH کی جانب سے قرنطینہ یا الگ تھلگ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ قرنطینہ اور علیحدگی کے لیے ہدایت نیچے دیکھیں۔

### حاضری

اساتذہ اپنے روسٹرز پر سبھی طلبا کے لیے روزانہ کی حاضری رپورٹ کرنا جاری رکھیں گے۔ حاضری معمول کے حاضری کے تقاضوں کے مطابق نشان زد کی جائے گی۔ اس ہدایت میں واحد استثنا ان طلبا کے لیے ہے جنہیں OSHW یا CDPH کی جانب سے قرنطینہ یا الگ تھلگ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے www.cps.edu\attendance ملاحظہ کریں۔

### درجہ بندی

ضلع معمول کے درجہ بندی کے طریقے برقرار رکھے گا جو ایلی نوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن ( Illinois State Board of Education, ISBE) کی ہدایات کے مطابق ہیں۔ طلبا کو چاہیے کہ سبھی اسائنمنٹس مکمل کریں اور اسکول کی پالیسی کے مطابق کسی بھی چھوٹ جانے والے اسائنمنٹ کو مکمل کریں۔

## قرنطینہ اور علیحدگی کے لیے ہدایت

ISBE کی رہنمائی کے مطابق، "2021-22 کے تعلیمی سال سے، تمام اسکولوں کو سارے طلبا کی حاضری والے دنوں کو پوری طرح سے بذات خود آموزش دوبارہ شروع کردینا ہے، بشرطیکہ، 105 ILCS 5/10-30 اور 105 ILCS 5/34-18.66 کے مطابق، فاصلاتی تدریس مقامی صحت عامہ کے محکمے یا الّنیوائے کے محکمۂ صحت عامہ کی رہنمائی یا تقاضوں کے مطابق" جن طلبا کو COVID-19 کا ٹیکہ موصول نہیں ہوا ہے یا جو COVID-19 کے ٹیکہ کے اہل نہیں ہین ان کے لیے، صرف جب وہ قرنطینہ میں ہوں تو دستیاب کرائی جائے گی-ISBE کی رہنمائی کے مطابق، فاصلاتی تدریس ان رہنما خطوط سے باہر دستیاب نہیں کرائی جائے گی۔

درج ذیل سیکشن اس بارے میں اضافی تفصیلات فراہم کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کے قرنطینہ/https://www.cps.edu/sites/back-to-school/health-safety/safety-best-practices کرنے کی صورت میں فاصلاتی تدریس کیسی نظر آئے گی۔

| | پورا کلاس روم<br>قرنطینہ کے تحت | انفرادی یا طلبا کا چھوٹا گروپ<br>قرنطینہ کے تحت |
|---|---|---|
| تفصیل | استاد ان طلبا کو صرف ورچوئل تدریس فراہم کر رہے ہیں جو قرنطینہ کے سبب دور دراز ہیں۔ | استاد ان طلبہ کو ورچوئل تدریس فراہم کر رہے ہیں جو قرنطینہ کے سبب دور دراز ہیناوران طلبہ کو تدریس فراہم کر رہے ہیں جو بذات خود حاضر ہیں۔ |
| منٹ کے تقاضے | **Pre-K:** 60 منٹ کی ہم وقت تدریس فی دن۔<br><br>**K-8:** 150 منٹ کی ہم وقت تدریس فی دن۔ اسکولوں کو چاہیے کہ مواد کے پورے شعبوں میں کم از کم معیار پورا کریں۔<br><br>**ہائی اسکول:** کلاس سیکشن میں 50% تدریسی منٹ ہم زمانی ہونا چاہیے۔<br><br>دن یا کلاس کا باقی حصہ غیر ہم زمانی طور پر صرف ہونا چاہیے۔ ہم زمانی وقت کے دوران، اساتذہ کو چاہیے کہ چھوٹے گروپ میں اضافی تدریس، منظم مداخلت، غیر ہم زمانی کاموں میں طلبا کے لیے تعاون اور فیملیز اور طلبا کے لیے رسمی دفتری اوقات فراہم کریں۔ | **Pre-K:** 60 منٹ کی ہم وقت تدریس فی دن۔<br><br>**K-8:** دن بھر کے کل تدریسی منٹ کا 25% ہم زمانی ہونا چاہیے۔ اسکولوں کو چاہیے کہ مواد کے پورے شعبوں میں کم از کم معیار پورا کریں۔<br><br>**ہائی اسکول:** ایک دن میں تدریسی منٹ کا 25% ہم زمانی ہونا چاہیے۔ اسکولوں کو چاہیے کہ قرنطینہ کی مدت کے دوران بامعنی انداز میں تمام طلبا کے کورسز میں کم از کم معیار پورا کریں۔<br><br>دن یا کلاس کا باقی حصہ غیر ہم زمانی طور پر صرف ہونا چاہیے۔ اساتذہ کو ذیل کی تفصیل کے مطابق غیر ہم زمانی اسائنمنٹس فراہم کرنا چاہیے۔ |
| اسائنمنٹس | اساتذ پر ایسا کورس ورک فراہم کرنا لازم ہے جو موجودہ کلاس کی تدریس سے ہم آہنگ ہو، معیارات سے ہم آہنگ ہو، اور متنوع متعلمین اور انگریزی متعلمین کی ضروریات کے تئیں اثر پذیر ہو۔ | |
| | ایسی صورت میں کہ طالب علم گھر سے ورچوئل تدریس تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر ہو، اسکولوں کو چاہیے کہ قرنطینہ کی مدت کے دوران مکمل کرنے کے لیے طلبا کو غیر ڈیجیٹل کورس ورک پیش کریں، اور اگر ضرورت ہو تو طلبا کو اپنے استاد سے صلاح و مشورہ کرنے کا موقع پیش کریں۔ | |
| درجہ بندی | قرنطینہ یا علیحدگی کی حیثیت کے مدنظر طلبا پر جرمانہ نہیں لگنا چاہیے۔ کام کو مؤخر شدہ نہ مانا جائے؛ تلافی کا موقع اور ری ٹیک کی پیشکش کی جائے تاکہ طالب علم کو گریڈ کے ہرجانے کے بغیر مشمولات میں مہارت حاصل کرنے میں تعاون ملے۔ | |
| حاضری | اگر کوئی طالب علم ورچوئل تدریس میں شامل ہوتا ہے تو انہیں "ورچوئل" کے بطور نشان زد کیا جائے گا۔ اگر کوئی طالب علم ورچوئل تدریس میں شامل نہیں ہوتا ہے تو، انہیں غیر حاضر نشان زد کیا جائے گا جیسا عام طور پر انہیں ہونا چاہیے۔ | |

| | |
|---|---|
| ڈیجیٹل پلیٹ فارمز | اسکولوں کو چاہیے کہ ہم زمانی تدریس کے لیے فاصلاتی تدریس کے لیے Google Suite ٹولز؛ بشمول Google Meet کا استعمال کریں۔ |

## والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، طلبا ذاتی طور پر دی جانے والی ہدایات کے پانچ دنوں کے لیے اسکول واپس لوٹ رہے ہیں، سوائے ان طلبا کے جو طبی طور پر حساس ہیں اور ورچوئل اکیڈمی میں شرکت کر رہے ہیں۔ ورچوئل اکیڈمی کے بارے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم ورچوئل اکیڈمی سیکشن دیکھیں۔

اگر کسی طالب علم کو ویکسین نہ لگی ہو اور OSHW یا CDPH کی ہدایات کے مطابق اسے قرنطینہ یا الگ تھلگ کرنے کا کہا گیا ہو تو ایسی صورت میں ریموٹ ہدایات فراہم *کی جائیں گی*۔ یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ ریموٹ ہدایات *صرف* اس صورت میں پیش کی جائیں جب طالب علم ان شرائط پر پورا اترتا ہو۔ ریموٹ ہدایات ان طلبا کو پیش نہیں کی جائیں گی جو گھر پر رکنے کا انتخاب کرتے ہیں یا پھر کسی اور بیماری کی وجہ سے اسکول حاضری سے قاصر ہیں۔ اگر آپ کے طالب علم کو قرنطینہ یا الگ تھلگ کرنے کی ضرورت ہوئی تو آپ کو اپنے اسکول سے اس بارے میں مخصوص ہدایات موصول ہوں گی کہ اس دوران انہیں ریموٹ ہدایات تک رسائی کی سہولت فراہم کرنا کیسے یقینی بنایا جائے۔

آخر میں، یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ والدین کی طرف سے بچے کو اسکول لے جانے سے انکار غیر حاضری کے عذر کے طور پر ISBE کی طرف سے منظور شدہ عذر نہیں ہے۔ لہذا، اگر کوئی طالب علم والدین کے انکار کی وجہ سے اسکول سے غیر حاضر رہتا ہے تو اسے بلا عذر غیر حاضر کے بطور نشان زد کیا جائے گا۔

## معلمین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

ان ہدایات کے ساتھ، معلمین کلاس روم میں استعمال ہونے والے اپنے عام ہدایاتی معمولات پر لوٹ سکتے ہیں اور اپنے مقامی نامکمل لرننگ کے منصوبوں اور قابل توجہ امور پر کام کر سکتے ہیں۔

- معاونتی تعلقات قائم کرنے، خوشگوار اور قابل پیش گوئی تعلیمی ماحول تشکیل دینے اور سماجی و جذباتی صلاحیتیں پیدا کرنے کی تربیت کو ترجیح دینا جاری رکھیں۔
  - Start with the Heart
  - Everyday Practices اور The Classroom Meeting Handbook

- کڑی، درجہ بندی کی سطح کے مطابق، متعلقہ ہدایات کو ترجیح دینا جاری رکھیں۔
  - CPS Instructional Priorities and Instructional Core (اس میں سبھی وسائل کے لیے ترجیحی معیارات اور تیزی سے لرننگ شامل ہیں)

اس امکان کے پیش نظر کہ کسی طالب علم کو قرنطینہ یا الگ تھلگ کیے جانے کی وجہ سے ریموٹ ہدایات کی ضرورت پیش آ سکتی ہے، معلمین کی پُرزور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ گزشتہ سال متعارف کروائے گئے کچھ بہترین طریقے جاری رکھیں۔

- اپنے اسباق کے منصوبوں، سرگرمیوں اور اسائنمنٹس تک طلبا اور فیملیز کی رسائی بڑھانے کے لیے Google Classroom استعمال کرنا جاری رکھیں۔
  - Google Classroom کے لیے رہنما

- جو طلبا قرنطینہ میں ہیں ان کے لیے بامعنی معاصر سرگرمیوں کا منصوبہ بنائیں۔
  - SY22 ہم وقت/نا ہم وقت ماڈلز

جہاں اسکول قائدین کو مطلع کیا جائے کہ طلبا کو علیحدہ یا قرنطینہ کرنا ضروری ہے وہاں، ان کے پاس معلمین، طلبا اور فیملیز کے ساتھ مواصلت کرنے اور فاصلاتی آموزش شروع کرنے کی تیاری کرنے کے لیے 24 گھنٹے (ایک اسکولی دن) کی مدت


فہرست مشمولات پر واپس جائیں

ہوگی۔

## خصوصی کورسز پر غور

معلمین، اضافی تفصیلات کے لیے براہ کرم قابل توجہ خصوصی کورسز کا صفحہ ملاحظہ کریں۔

## آرٹس ایجوکیشن

انسٹرومنٹل موسیقی

- اسکول کے اندر اور باہر دونوں اوقات میں کلاسز اور افزودگی کی سرگرمیاں بیرون خانہ یا پھر ممکنہ سب سے بڑی جگہ میں موسم، تحفظ اور سیکورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے کھڑکیاں کھول کر منعقد کی جانی چاہئیں۔
- موسیقی کا ساز بجاتے وقت طلبا کو چاک کیا ہوا ماسک پہننا چاہیے۔ ضلع CPS کے استاد کی طرف سے سکھائے جانے والے اسکول کے اندر، کریڈٹ والے، گروہ پر مشتمل موسیقی کے کورسز کے لیے ضلع کے زیر انتظام اسکولز میں چاک کیے گئے ماسکس اور باجوں کے غلاف فراہم کرے گا۔
    - **جتنی جلدی ممکن ہو موسیقی کے اساتذہ کو یہ فارم پُر کرنا چاہیے**
- جب بھی ممکن ہو، اختتامی پرفارمنسز اور ایونٹس کا انعقاد بیرون خانہ کیا جانا چاہیے اور سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کا خیال رکھا جانا چاہیے۔ اگر ایونٹس درون خانہ منعقد کیے جا رہے ہوں تو CPS کے صحت اور تحفظ سے متعلق جامع ضوابط کے مطابق سب کو ماسک پہننا چاہیے۔
- چونکہ ساز پر موسیقی کو بلند خطرے والی سرگرمی مانا جاتا ہے لہذا ان سبھی انرول طلبا کے لیے ہفتہ وار ٹیسٹنگ کی تجویز کی جاتی ہے جنہوں نے ویکسین نہیں لگوائی ہے۔ ٹیسٹنگ کے طریقوں سے متعلق اضافی رہنمائی جلد آئے گی اور جتنی جلدی ممکن ہوا اسے شیئر کیا جائے گا۔
- استعمال کے بعد صاف اور جراثیم سے پاک کیے بغیر طلبا کو موسیقی کے ساز شیئر نہیں کرنے چاہئیں۔
- ہوا میں موجود ذرات کے سفر کرنے کی وجہ سے جتنا زیادہ ممکن ہو چھ فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رہنا چاہیے۔

طائفی یا نطقی موسیقی

- ہوا میں موجود ذرات کے سفر کرنے کی وجہ سے جتنا زیادہ ممکن ہو چھ فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رہنا چاہیے۔
- چونکہ گلوکاری کو بلند خطرے والی سرگرمی مانا جاتا ہے لہذا ان سبھی انرول طلبا کے لیے ہفتہ وار ٹیسٹنگ کی تجویز کی جاتی ہے جنہوں نے ویکسین نہیں لگوائی ہے۔ ٹیسٹنگ کے طریقوں سے متعلق اضافی رہنمائی جلد آئے گی اور جتنی جلدی ممکن ہوا اسے شیئر کیا جائے گا۔
- طلبا کو گلوکاری کے لیے اپنے ماسکس تب تک نہیں ہٹانے چاہئیں جب تک کہ ان کے پاس طبی طور پر اس کی اجازت ہو۔

تھیٹر اور رقص

- طلبا کو درون خانہ کم شدت والی سرگرمی میں شرکت کرنی چاہیے اور کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز پہننی چاہئیں۔
- رقص اور تھیٹر کی کلاسز کے لیے رقص کے اسٹوڈیوز اور بڑی جگہوں کو ترجیح دی جانی چاہیے نیز کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز پہن کر تین فٹ کا فاصلہ برقرار رکھنا چاہیے۔

- جب بھی ممکن ہو، اختتامی پرفارمنسز اور ایونٹس کا انعقاد بیرون خانہ کیا جانا چاہیے اور سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کا خیال رکھا جانا چاہیے۔ اگر ایونٹس درون خانہ منعقد کیے جا رہے ہوں تو CPS کے صحت اور تحفظ سے متعلق جامع ضوابط کے مطابق سب کو ماسک پہننا چاہیے۔

ویژوئل آرٹس

- ویژوئل آرٹس کے سازوسامان کو شیئر، صاف اور جراثیم سے پاک کرنے کے ضوابط اس رہنما دستاویز کے صحت سے متعلق ضوابط سیکشن میں سبھی موضوعات کے لیے بتائی گئی ہدایات کے مطابق ہونے چاہئیں۔

## جسمانی تعلیم

- جمنیزیم/جسمانی تعلیم کے لیے مقررہ جگہ: جمنیزیمز اور جسمانی تعلیم کے لیے COVID سے پہلے مقرر کی گئی جگہیں جسمانی تعلیم کی کلاسز کے لیے استعمال کی جانی چاہئیں نیز کپڑے سے بنے چہرے کی کورنگز پہن کر تین فٹ کا فاصلہ برقرار رکھنا چاہیے۔
- بیرون خانہ جگہیں: جب بھی ممکن ہو جسمانی تعلیم کی کلاسز بیرون خانہ منعقد کی جانی چاہئیں۔
- لاکر رومز: لاکر رومز استعمال کرنے کی اجازت ہے اور طلبا کو کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز پہننی چاہئیں نیز جہاں ممکن ہو تین فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رکھنا چاہیے۔
- شدت کی سطح (سرگرمی): یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ طلبا درون خانہ کم شدت کی سطحوں والی سرگرمیوں میں حصہ لیں اور ہر وقت کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز پہنے رہیں۔ بیرون خانہ، جسمانی سرگرمی کی سطحیں CDC کی ہدایات کے مطابق ہونی چاہئیں اور ان میں متوسط سے بہت زیادہ شدت کی سطحیں شامل ہو سکتی ہیں جب طلبا نے کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز نہ پہنی ہوئی ہوں۔
- پانی کے کھیل: اگر جہاں ممکن ہو وہاں چھ فٹ کا سماجی فاصلہ برقرار رکھا جا سکتا ہو تو پانی کے کھیل سکھائے جا سکتے ہیں۔ طلبا کو پانی میں کپڑے سے بنی چہرے کی کورنگز نہیں پہننی چاہئیں۔
- فٹنس کی ٹیسٹنگ: ہم ISBE کی طرف سے اپ ڈیٹ شدہ رہنمائی موصول ہونے کے بعد فٹنس کی جانچوں کے بارے میں مزید معلومات فراہم کریں گے۔
- سامان کا استعمال: سطحوں اور شیئر کی جانی والی اشیاء سے COVID کی منتقلی کے بے حد کم خطرے کے پیش نظر، سازوسامان شیئر کیا جا سکتا ہے لیکن ہاتھ دھونا اور زیادہ چھوئی جانے والی سطحوں کو بار بار صاف کرنا تجویز کیا جاتا ہے۔

## آرٹس ایجوکیشن

ڈسپلن سے متعلق مکمل رہنمائی کے لیے براہ کرم مذکورہ بالا معلمین کا سیکشن ملاحظہ کریں۔ اپنی شراکت داریوں کے حوالے سے کسی بھی مخصوص سوال کے لیے براہ کرم artsvendors@cps.edu پر رابطہ کریں۔

## کھیل

ایلیمنٹری اور ہائی اسکول کھیل 2021-22 کے تعلیمی سال کے دوران اپنے معمول کے شیڈول پر لوٹ آئیں گے۔ شکاگو پبلک لیگ (Chicago Public League) CDC، IDPH، IHSA اور CPS کے OSHW (Office of Student Health and Wellness) کی موجودہ ہدایات پر عمل کرے گی نیز ہم آپ کے طلبا کے لیے مندرجہ ذیل حفاظتی اقدامات پر عمل کریں گے۔ کھیلوں کے طریقہ کار اور پالیسیوں سے متعلق ہدایات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔

### والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

کھیلوں سے متعلق مکمل ہدایات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں لیکن براہ کرم مندرجہ ذیل کچھ اقتباسات ملاحظہ کر لیں:

- 5-12 کے وہ سبھی طلبا جو غیر نصابی کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں انہیں اپنی ویکسینیشن کا ثبوت دکھانا ہوگا یا پھر اپنے اسکول میں ہفتے میں ایک بار COVID-19 کا ٹیسٹ کروانا ہوگا۔
  - ٹیسٹنگ کے لیے والدین کی رضامندی درکار ہے لہذا اگر آپ کے طالب علم کے پاس ٹیسٹ کروانے کی اجازت نہ ہو اور وہ ویکسینیشن کا ثبوت بھی نہ دکھا پائے تو وہ غیر نصابی کھیلوں میں حصہ نہیں لے پائے گا۔
- سبھی طلبا، کھلاڑیوں، کوچز اور ناظرین کو درون خانہ مشقوں یا مقابلوں کے دوران ہر وقت ماسک پہنے رکھنا ہوگا۔
- سبھی طلبا، کھلاڑیوں، کوچز اور ناظرین کو بیرون خانہ مشقوں یا مقابلوں کے دوران ماسک پہننے کی تجویز کی جاتی ہے تاہم یہ لازمی نہیں ہے۔
- نقل و حرکت کی پابندیاں ہٹا دی گئی ہیں اور بسیں دوبارہ سے اپنی پوری گنجائش کے مطابق طلبا کو مقابلوں کے لیے نقل و حرکت فراہم کر سکتی ہیں بشرطیکہ بس پر موجود سبھی افراد ہر وقت ماسک پہنے رہیں۔

**CPS اسٹیڈیمز یا اسکول/پارک ضلع کے مقامات پر ناظرین کے لیے شرائط**

- ریاست ایلی نوائے اپنے دوبارہ کھلنے کے منصوبے کے مرحلہ نمبر 5 میں داخل ہو چکی ہے لہذا CPS تمام CPS مقامات پر مکمل گنجائش کی اجازت دے گی۔
  - ناظرین کو درون خانہ ایونٹس کے دوران ہر وقت ماسک پہنے رکھنا چاہیے اور بیرون خانہ ایونٹس کے لیے انہیں ماسک پہننے کی تجویز کی جاتی ہے تاہم یہ لازمی نہیں ہے۔
- ناظرین کو ہمہ وقت تمام پوسٹ کردہ، بتائی گئی اور/یا تشہیر کی گئی صحت سے متعلق ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔
- ناظرین کو زیادہ چھوئے جانے والی جگہوں سے رابطہ میں آنے سے قبل ہینڈ سینیٹائزر استعمال کرنا چاہیے اور ہاتھ خشک ہو جانے تک سینیٹائزر کو ملنا چاہیے۔

### شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

ایتھیلٹکس اسکول سے باہر کے وقت (OST) کی پروگرامنگ فراہم کرنے والے شراکت داران کو سبھی متعلقہ OST اور کھیلوں کی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

آرٹ پارٹنرز کی خاطر، براہ کرم ڈسپلن سے متعلق مکمل رہنمائی کے لیے براہ کرم مذکورہ بالا معلمین کا سیکشن ملاحظہ کریں۔ اپنی شراکت داریوں کے حوالے سے کسی بھی مخصوص سوال کے لیے artsvendors@cps.edu پر رابطہ کریں۔

## اسکول سے باہر کا وقت (OST)

اسکول سے باہر کے وقت کی سرگرمیاں معمول کے مطابق ہوں گی بشمول اسکول/عملہ کے زیر قیادت اور شراکت دار کے زیر قیادت پروگرامز۔ اسکولز اور شراکت داران کے لیے صحت اور تحفظ سے متعلق سبھی ضوابط پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔

Moving Forward Together کے تحت، OST پروگرامز میں CPS کی طرف سے 21$ ملین ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ یہ سرمایہ کاری یقینی بنائے گی کہ ہر CPS اسکول کے پاس OST پروگرامنگ کو سپورٹ کرنے کے لیے فنڈز ہوں۔ اس تعلیمی سال اسکولز زیادہ تعداد اور زیادہ مختلف اقسام کی OST پروگرامنگ پیش کریں گے۔

### والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

اس سال اسکول سے باہر کے وقت کے پروگرامنگ موقعوں کے لیے اپنے بچے کے اسکول کی طرف سے معلومات کا انتظار کریں۔ اگر آپ کسی مخصوص قسم کے OST پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں تو اپنے بچے کے اسکول کے قائد سے بات کریں۔



فہرست مشمولات پر واپس جائیں

### شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

اگر وینڈرز موزوں ضوابط پر عمل کریں تو ذاتی طور پر پروگرامنگ فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی تنظیم ذاتی طور پر پروگرامنگ فراہم کرنا چاہتی ہے تو براہ کرم اپنے اسکول کے پرنسپل یا اسپانسرنگ سینٹرل آفس ڈپارٹمنٹ کے رابطے سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کے پرنسپل یا رابطہ اس بات پر مان جاتے ہیں کہ آپ کی تنظیم کو ذاتی طور پر پروگرامز کا موقع دینا چاہیے تو آپ کو آن سائٹ سروسز کی درخواست جمع کروانی ہوگی۔

براہ کرم نوٹ کر لیں کہ سروسز فراہم کرنے کے لیے، وینڈرز کے پاس مندرجہ ذیل کا ہونا ضروری ہے:

- ایک فعال وینڈر نمبر
- ایک فعال شراکت داری جو ایک کھلے ہوئے PO، سروسز کے معاہدے یا گرانٹ ایوارڈ لیٹر کی صورت میں دستاویز بند ہو
- طلبا کو سروس فراہم کرنے والے سبھی عملہ کے لیے حالیہ CPS پس منظر کی جانچ کا ریکارڈ میں ہونا

## ورچوئل اکیڈمی

COVID-19 کی عالمی وبا کے جواب میں، ورچوئل اکیڈمی 2021-22 کے تعلیمی سال کے دوران ایک ممکل طور پر ریموٹ لرننگ کا اختیار ہوگی جو طلبا کی اس محدود تعداد کو یہ سہولت دے گی جو طبی طور پر ناتواں کے بطور اہل قرار پائیں گے جس کا مطلب ہے کہ ان کی صحت سے متعلق کیفیات یا طبی ضروریات کی دستاویزی شہادتیں موجود ہوں گی۔

### والدین کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

ورچوئل اکیڈمی کے لیے درخواست کا وقت 6 اگست کو ختم ہو چکا ہے۔ اس آخری وقت میں استثنا ان طلبا کو فراہم کیا جائے گا جنہوں نے ہمیں طبی نگہداشت تک رسائی میں تاخیر کے حوالے سے آگاہ کیا تھا، جو ضلع میں نئے ہیں یا جن کی نئی تشخیص ہوئی ہے۔ درخواست دینے کے طریقے سے متعلق مزید معلومات یہاں دیکھیں۔

### شراکت داروں کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

ورچوئل اکیڈمی کو فراہم کیے گئے طلبا سے متعلق سبھی پروگرامز اور سروسز ورچوئل طور پر فراہم کیے جائیں گے۔ ورچوئل پروگرامز اور سروسز فراہم کرنے والے شراکت داروں کو CPS کی قابل اجازت استعمال کی پالیسی (AUP) کی تعمیل کرنی ہوگی۔AUP سے متعلق تفصیلات cps.edu/aup پر دستیاب ہیں۔